This question paper contains 2 printed pages. Your Roll No.................

7852

A

ADVANCED DIPLOMA

URDU – Paper III

Time : 3 hours Maximum Marks :100

(Write your Roll No. on the top of immediately on receipt of this question paper).

سبھی سوالوں کے جواب تحریر کریں۔ نمبر مساوی ہیں۔

۱۔ درج ذیل میں سے کسی ایک شاعر کا تعارف کرائیے اور اس کے کلام کی خصوصیات بھی لکھیے۔

۱۔ خواجہ میر درد ۲۔ غالب

۳۔ مجروح سلطان پوری ۴۔ میر تقی میر

۲۔ کسی ایک کا خلاصہ یا مرکزی خیال اپنے الفاظ میں لکھیے :

۱۔ داستان شہزادے کے غائب ہونے کی

۲۔ نشاطِ امید

۳۔ درج ذیل میں سے کسی ایک پر تفصیلی نوٹ لکھیے :

۱۔ غزل ۲۔ نظم

۳۔ مرثیہ ۴۔ قصیدہ

۴۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب لکھیے :

(الف)۔ دبستانِ لکھنؤ کا کون سا شاعر آپ کو پسند ہے؟ اس کے کلام کی خصوصیات لکھیے۔

(ب)۔ دبستانِ دہلی کے کسی ایک شاعر کا تفصیلی تعارف کرائیے۔

۵۔ درج ذیل میں سے کسی ایک شعری حصے کی تشریح کیجیے:

(الف)

شمع کے مانند ہم اس بزم میں
چشم نم آئے تھے دامن تر چلے
دیر نہیں، حرم نہیں، در نہیں، آستاں نہیں
بیٹھے ہیں رہ گزر پہ ہم، غیر ہمیں اٹھائے کیوں
قیدِ حیات و بندِ غم، اصل میں دونوں ایک ہیں
موت سے پہلے آدمی غم سے نجات پائے کیوں
اک خلش ہوتی ہے محسوس رگِ جاں کے قریب
آن پہنچے ہیں مگر منزلِ جاناں کے قریب
ستونِ دار پہ رکھتے چلو سروں کے چراغ
جہاں تلک یہ ستم کی سیاہ رات چلے

(ب)

کاٹنے والی غمِ ایام کی — تھامنے والی دلِ ناکام کی
دل پہ پڑا آن کے جب کوئی دکھ — تیرے دلاسے سے ملا ہم کو سکھ
تو نے نہ چھوڑا کبھی غربت میں ساتھ — تو نے اٹھایا نہ کبھی سر سے ہاتھ
جی کو ہوا گر کبھی عُسرت میں رنج — کھول دیئے تو نے قناعت کے گنج
تجھ سے ہے محتاج کا دل بے ہراس — تجھ سے ہے بیمار کو جینے کی آس
خاطرِ رنجور کا درماں ہے تو — عاشقِ مہجور کا ایماں ہے تو